# مخالفِ مسیح کون ہے؟



15 امیزنگ فیکٹس اسٹڈی گائیڈ



**مخالف مسیح** کون اور کیا ہے؟ شیطانی اتحاد — یا کوئی مذموم فرد ہے؟ کچھ کہتے ہیں کہ اُس کی ظاہری شکل ابھی مستقبل میں ہے۔ دُوسرے کہتے ہیں کہ وہ قدیم روم کے زمانے میں بہت پہلے سے ظاہر ہوا تھا۔ لیکن بائبل مقدّس نشاندہی کرتی ہے کہ وہ آج زندہ ہے! بائبل مقدّس کی پیشینگوئیاں سکھاتی ہیں کہ یہ مخالف مسیح طاقت زمین کی تاریخ کے آخری واقعات میں سے ایک فیصلہ کن کردار ادا کرے گی۔ کیا تم جانتے ہو وہ کون ہے؟ کیا تمہیں یقین ہے؟ آپ کو اُسے جاننے کی ضرورت ہے، کیونکہ آپ آخری دن کے واقعات کو اُس وقت تک نہیں سمجھ سکتے جب تک کہ آپ اِس شیطانی طاقت کو نہیں جانتے ہیں۔ ان معلومات کے لئے اَب اِنتہائی دلچسپ مطالعاتی کتابچہ پڑھنے کے لئے تیار رہیں!



یہ مطالعاتی کتابچہ دانی ایل باب 7 پر مبنی ہے اور واضح طور پر اور بلاشبہ مخالفِ مسیح کی نشاندہی کرتا ہے۔ لیکن یہ صرف ایک تعارف ہے۔ مستقبل کے اسباق سے اِس کی کچھ سرگرمیوں کی تفصیلات سامنے آئیں گی جس کا پوری دُنیا پر اثر پڑے گا۔ آج جو کچھ آپ دریافت کرتے ہیں شاید وہ آپ کو ناخوش یا افسردہ کر سکتا ہے، لیکن براہ کرم یاد رکھیں کہ دانی ایل 7 باب کی پیشینگوئی یسُوع کی طرف سے ہے، جو آپ سے محبّت کرتا ہے۔ خُدا کی رہنمائی کے لئے دُعا کریں جیسے آپ اِس ہنگامی نوعیت کے موضوع کی چھان بین کرتے ہیں۔ اِس سبق کا مطالعہ کرنے سے پہلے دانی ایل باب 7 کا ضرور مطالعہ کریں۔

## 1 جیسے ہی ساتویں باب کا آغاز ہوتا ہے تو دانی ایل نے سمندر میں سے چار بڑے حَیوان نکلتے دیکھے۔ پیشینگوئی میں، ایک حَیوان کس کی نمائندگی کرتا ہے؟ سمندر سے مراد کیا ہے؟

''چوتھا حَیوان دُنیا کی چوتھی سلطنت ہے'' (دانی ایل 7:23)۔ ''پھر اُس نے مُجھ سے کہا کہ جو پانی تُو نے دیکھے جِن پر کسبی بَیٹھی ہے وہ اُمتیں اور گروہ اور قومیں اور اہلِ زُبان ہیں'' (مکاشفہ 17:15)۔

**جواب:** ایک حَیوان بادشاہی یا قوم کی نمائندگی کرتا ہے۔ پانی لوگوں کی کثیر بھیڑ اور گنجان آبادی کی نمائندگی کرتا ہے۔

Scripture taken from the Holy Bible in Urdu, Revised Version, Copyright ©2011, by The Pakistan Bible Society. Used by permission of the Pakistan Bible Society. All rights reserved

## 2 دانی ایل 7 باب کے چار حَیوان چار بادشاہوں کی نمائندگی کرتے ہیں، (آیات 17، 18)۔ بابل، پہلی بادشاہی (دانی ایل 2: 38، 39)، کی (دانی ایل 7: 4) میں ایک شیر کے طور پر نمائندگی کی گئی ہے۔ (یرمیاہ 4:7؛ 50: 17، 43، 44)۔ "عقاب کے سے پروں" کا کیا مطلب ہے؟ آیت 2 کی "چار ہواؤں" کس کی نمائندگی کرتی ہیں؟

"خُداوند ایک قَوم کو تُجھ پر چڑھالائے گا جَیسے عُقاب ٹُوٹ کر آتا ہے۔" (استثنا 28:49)۔ "ربُّ الافواج یُوں فرماتا ہے...اور زمین کی سرحدّوں سے ایک سخت طُوفان برپا ہوگا۔ اور خُداوند کے مقتُول اُس روز زمین کے ایک سرے سے دُوسرے سرے تک پڑے ہوں گے اُن پر کوئی نَوحہ نہ کرے گا۔ نہ وہ جمع کئے جائیں گے نہ دفن ہوں گے وہ کھاد کی طرح رُویِ زمین پر پڑے رہیں گے" (یرمیاہ 24:32، 33)۔



**جواب:** عقاب کے پر رفتار کی نمائندگی کرتے ہیں۔ (یرمیاہ 13:4؛ حبقوق 1: 6-8 بھی دیکھیں) ہوائیں، لڑائی، ہنگامہ آرائی اور تباہی کی نمائندگی کرتی ہیں۔ (مکاشفہ 7: 1-3 بھی دیکھیں۔)

## 3 ریچھ کس بادشاہی کی نمائندگی کرتا ہے (دانی ایل 7: 5)؟ اُس کے منہ میں تین پسلیاں کس چیز کی علامت ہیں؟

**جواب:** دانی ایل 8 باب پڑھیں۔ غور کریں کہ باب 8 میں مندرج حَیوان 7 باب کے متوازی ہیں۔ دانی ایل 8: 20 خاص طور پر مادی فارس کی بادشاہی کا ذکر کرتا ہے، جو نر بکرے سے پہلے آتی — جو کہ، 21 آیت کے مطابق یونان ہے۔ مادی فارسی دوسری بادشاہی ہے — یہ وہی طاقت ہے جیسے دانی ایل 7 باب کے ریچھ کی تھی۔ سلطنت لوگوں کے دو گروہوں پر مشتمل تھی۔ مادی سب سے پہلے آئے (دانی ایل 7: 5 رِیچھ جو ایک طرف سیدھا کھڑا ہُوا مادی کو پیش کرتا)، لیکن فارسی آخرکار مضبوط ہو گئے (دانی ایل 8: 3 میں پیش ہیں، مینڈھے کے دو سینگ تھے ایک سینگ دوسرے سے "بہت بڑھ" گیا)۔ تینوں پسلیاں تین اہم طاقتوں کی نمائندگی کرتی ہیں جن کو مادی فارس نے فتح کیا تھا: لیڈیا، بابل اور مصر۔



## 4 یونان، تیسری بادشاہی (دانی ایل 8:21) کی تیندوے کی طرف سے نمائندگی کی جاتی ہے جس کے چار پر اور چار سر ہوتے ہیں (دانی ایل 7:6)۔ پر کس چیز کی نمائندگی کرتے ہیں؟ چاروں سَر کس کی نمائندگی کرتے ہیں؟



**جواب:** چار پر (دو کے بجائے، جیسا کہ شیر کے تھے) ناقابل یقین رفتار کی نمائندگی کرتے ہیں جس کے ساتھ سکندر نے اُس علاقے کو فتح کیا (یرمیاہ 4:11-13)۔ چاروں سر چار ریاستوں کی نمائندگی کرتے ہیں جب سکندراعظم کی موت ہوئی تو اُس کی سلطنت چار ریاستوں میں تقسیم ہو گئی۔ اِن ریاستوں کی سربراہی کرنے والے چار جرنیل کاسینڈر، لائسیماکس، پٹولمی اور سیلیوکس تھے۔

## 5 رومی سلطنت، چوتھی بادشاہت، ایک ہولناک، ہیبت ناک حَیوان کی نمائندگی کرتی ہے جس کے دانت لوہے کے اور 10 سینگ ہوتے ہیں (دانی ایل 7:7)۔ سینگ کس چیز کی نمائندگی کرتے ہیں؟

**جواب:** 10 سینگ 10 بادشاہوں یا سلطنتوں کی نمائندگی کرتے ہیں جن میں بت پرست روم کو بالآخر تقسیم کر دیا گیا تھا (دانی ایل 7:24)۔ (یہ 10 سلطنتیں وہی ہیں جو دانی ایل 2: 41-44 میں بیان کردہ مورت کے پاؤں کی 10 انگلیوں کی طرح ہیں۔ (وحشی قبائل رومی سلطنت پر چھا گئے اور رومی سلطنت دس ریاستوں میں تقسیم ہو گئی۔ اِن 10 قبائل میں سے 7 جدید مغربی یورپ کے ترقی یافتہ ممالک ہیں۔ اگلا حصّے میں اِن ریاستوں کے بارے میں تبادلہ خیال کریں گے جو جڑ سے اُکھڑ گئیں۔

| دَس سلطنتیں جن میں بُت پرست روم تقسیم ہوا | |
|---|---|
| VISIGOTHS | اسپین |
| ANGLO-SAXONS | انگلینڈ |
| FRANKS | فرانس |
| ALEMANNI | جرمنی |
| BURGUNDIANS | سوئٹزرلینڈ |
| LOMBARDS | اٹلی |
| SUEVI | جرمنی |
| HERULI | جڑسے اکھاڑا گیا |
| OSTROGOTHS | جڑسے اکھاڑا گیا |
| VANDALS | جڑسے اکھاڑا گیا |



## 6 دانی ایل 7 باب کی پیشینگوئی کے بعد کیا ہوتا ہے ؟

"میں نے اُن سینگوں پر غور سے نظر کی اور کیا دیکھتا ہُوں کہ اُن کے درمیان سے ایک اَور چھوٹا سا سینگ نِکلا جِس کے آگے پہلوں میں سے تِین سینگ جڑ سے اُکھاڑے گئے اور کیا دیکھتا ہُوں کہ اُس سینگ میں اِنسان کی سی آنکھیں ہیں اور ایک مُنہ ہے جس سے گھمنڈ کی باتیں نِکلتی ہیں" (دانی ایل 7:8)۔



**جواب:** اُس کے بعد "چھوٹے سینگ" کی طاقت ظاہر ہوتی ہے۔ ہمیں اُسے احتیاط سے پہچاننا چاہئے کیونکہ بائبل مقدّس کی خصوصیات اُسے پیشینگوئی اور تاریخ کے مخالفِ مسیح کی حیثیت سے شناخت کرتی ہیں۔ یہ شناخت کرنے میں کوئی غلطی نہیں ہونی چاہئے۔

## 7 کیا بائبل مقدّس مخالفِ مسیح کی نشاندہی کرنے کے لئے واضح نکات فراہم کرتی ہے ؟

جی ہاں، خُدا کا کلام دانی ایل 7 باب میں مخالفِ مسیح کی نو خصوصیات فراہم کرتا ہے تاکہ ہم اُس کی شناخت کے بارے میں یقین کر سکیں۔ اور اگرچہ کچھ کو یہ سچائیاں ناگوار لگ سکتی ہیں، ہمیں اِنہیں خُدا کی نازل کردہ مرضی کے مطابق قبول کرنے کے لیے یقیناً کھلے دِل کا مظاہر کرنا چاہیے۔ آب آیئے اِن نو نکات کو دریافت کریں۔

**جواب:**

الف۔ چھوٹا سینگ "اُن کے درمیان میں سے" نکلے گا۔ یعنی اُن 10 سینگوں میں سے جو مغربی یورپ کی سلطنتیں تھیں۔ (دانی ایل 7:8)۔ تو یہ چھوٹی سلطنت مغربی یورپ کی ریاستوں میں کسی جگہ سے نمودار ہو گی۔

ب۔ اُس کے چھوٹے سینگ میں ایک آدمی کا سا مُنہ ہو گا جو اُس کی حمایت میں بول سکتا ہے (دانی ایل 7:8)۔

ج۔ یہ تین ریاستوں کو اکھاڑ پھینکے گا یا جڑ سے اکھاڑ دے گا (دانی ایل 7:8)۔

د۔ یہ دیگر 10 ریاستوں سے مختلف ہو گا (دانی ایل 7:24)۔


ہ۔ یہ مقدّسوں کے ساتھ جنگ کرے گا اور اُن پر ظلم کرے گا۔ (دانی ایل 7:21، 25)۔

و۔ یہ بُت روم یعنی دُنیا کی —— چوتھی سلطنت سے نکلے گا۔ چوتھی سلطنت (دانی ایل 7:7، 8)۔

ز۔ خُدا کے لوگ (مقدّسین) "ایک دَور اور دَوروں اور نِیم دَور تک اُس کے حوالہ کئے جائیں گے۔ (دانی ایل 7:25)۔

ح۔ یہ خُدا کے خلاف "کفر" بولے گا اور وہ حق تعالیٰ کے خِلاف باتیں کرے گا (دانی ایل 7:25)۔ مکاشفہ 13:5 میں بائبل مقدّس فرماتی ہے، "اور بڑے بول بولتا ہے اور کُفر بکتا ہے۔

ط۔ "اور مقرّرہ اَوقات و شریعت کو بدلنے کی کوشش کرے گا۔ (دانی ایل 7:25)۔



**مت بھولیے یہ** ساری شناختی نشانیاں براہ راست
بائبل مقدس سے ماخوذ ہیں۔ وہ کوئی انسانی رائے
قیاس آرائیاں نہیں ہیں۔ مورخین آپ کو جلدی سے
بتا سکتے ہیں کہ کس طاقت کو بیان کیا جارہا ہے، کیونکہ یہ نکات صرف ایک ہی
طاقت پر پُورے آترتے ہیں۔ جو کہ پاپائیت ہے۔ لیکن اپنی یقین دہانی کے لئے،
آیئے ایک ایک کر کے تمام نو نکات کا بغور جائزہ لیں۔ شک کی کوئی گنجائش نہیں ہونی چاہیے۔


## 8 کیا پاپائیت اِن نکات پر پورا اُترتی ہے؟

**جواب:** ہاں — یہ ہر نکتہ پر پُورا اترتی ہے۔ آیئے قریب سے جائزہ لیں:

**الف۔** یہ مغربی یورپ کی 10 ریاستوں میں سے نکلی۔ پوپ کی طاقت کا جغرافیائی محل وقوع روم، اٹلی — مغربی یورپ کے مرکز میں ہے۔

**ب۔** اِنسان کی سی آنکھیں ہیں اور ایک مُنہ ہے جِس سے گھمنڈ کی باتیں نِکلتی ہیں۔ پاپائیت ہے اِس شناختی علامت کو پورا کرتا ہے کیوں کہ اُس سینگ میں آدمی کا مُنہ ہوتا ہے۔ پوپ — جو اُس کے حق میں بولتا ہے۔

**ج۔** پاپائیت کے عروج کا راستہ بنانے کے لیے تین سلطنتیں جڑ سے اُکھاڑیں گئیں۔ مغربی یورپ کے شہنشاہ بڑے پانے پر کیتھولک تھے اور پاپائیت کی حمایت کی۔ تین آرین سلطنتیں، تاہم، وانڈال، ہیرولی، اور آسٹروگوتس نے ایسا نہیں کیا۔ چنانچہ کیتھولک شہنشاہوں نے فیصلہ کیا کہ انہیں لازمی طور پر مسخر کر دیا جائے یا تباہ کر دیا جائے۔ یہ ہے کہ کس طرح مذہبی ماہر اور مورخ ڈاکٹر میروئن میکسویل نے اپنی کتاب گاڈ کیئرس (God Cares) جلد 1، صفحہ 129 میں نتائج کی وضاحت کی ہے: "رومن کیتھولک شہنشاہ زینو نے (474-491) نے 487 میں آسٹرگوتھس کے ساتھ ایک معاہدے کا بندوبست کیا، جس کے نتیجے میں 493 میں آرین ہرلی کی بادشاہت کا خاتمہ ہوا۔ اور کیتھولک شہنشاہ جاہ ینیئن (527-565) میں آرین وینڈالز کا خاتمہ کیا اور 534 میں آسٹروگوتس کی طاقت کو نمایاں طور پر 538 کو توڑ دیا۔ اِس طرح دانی ایل کے تین سینگ تھے۔ ہرولس، وندال اور آسٹروگوتس جڑ سے اُکھاڑ دیا گیا۔" یہ سمجھنا مشکل نہیں ہے کہ یہ تمام نکات پاپائیت پر پورے اُترتے ہیں۔





د۔ یہ دوسری سلطنتوں سے مختلف ہو گا۔ پاپائیت کا عہدہ واضح طور پر اُس وضاحت پر پورا اُترتا ہے، کیونکہ یہ ایک مذہبی طاقت کے طور پر منظر عام پر آیا تھا اور دیگر 10 مملکتوں کی لادینی نوعیت سے مختلف تھا۔

ھ۔ اور یہ حق تعالٰی کے مقدّسوں کو تنگ کرے گا اُن کے ساتھ جنگ کریں گے اور انہیں ایذا پہنچائیں گے۔ چرچ نے ظلم و ستم کیا یہ ایک معروف حقیقت ہے، اور پاپائیت ایسا کرنے کا اعتراف کرتی ہے۔ مورخین کا خیال ہے کہ چرچ نے مذہبی توثیق کے معاملات میں کم از کم 50 ملین زندگیاں تباہ کر دیں۔ ہم یہاں دو ذرائع سے نقل کرتے ہیں:

1۔ یہ کہ روم کے چرچ نے بنی نوع اِنسان کے درمیان موجود کسی بھی دوسرے ادارے سے زیادہ بے گناہوں کا خون بہایا ہے، جو اَب تک بنی نوع اِنسان میں موجود ہے۔ کسی پروٹسٹنٹ سے پوچھ گچھ کی جائے گی جس کے پاس تاریخ کا ادراک رکھتا ہو"۔[1]


2۔ اسپین کی تحقیقات کی تاریخ میں، D. Ivan Antonio Llorente صرف اسپین کی ہسپانوی تفتیش سے یہ اعداد و شمار فراہم کرتے ہیں: "31،912 افراد کو آتشزدگی میں مارا گیا اور ہلاک کیا گیا،" اور 241،450 کو "شدید" نفس کشی کی سزا دی گئی۔

## پریشانی اور تشویش کے الفاظ سے،

اَیسا نہ ہو کہ کوئی یہ سوچے کہ ہم چھوٹے سینگ کی طاقت کی نشاندہی کر کے برادر مسیحیوں پر حملہ کر رہے ہیں،، براہ مہربانی اس بات کو ذہن میں رکھیں کہ پیشینگوئی کا مقصد ایک نظام ہے نہ کہ افراد ہے۔ کیتھولک عقیدے سمیت تمام مسیحی گرجا گھروں میں مخلص، دیندار مسیحی موجود ہیں دانی ایل 7 صرف ایک بڑے مذہبی ادارے کے بارے میں عدالت اور اصلاح کا پیغام ہے جس نے بے دین مذہب کے ساتھ سمجھوتہ کیا، جیسا کہ بہت سی دوسری کلیسیاؤں نے بھی کیا ہے۔

## پیشینگوئی تمام عقائد کی خامیوں کو ظاہر کرتی ہے

دیگر پیشینگوئیاں پروٹسٹنٹ اور یہودی عقائد کی خرابیوں کی نشاندہی کرتی ہیں۔ خُدا کے پاس تمام مذاہب میں سچے لوگ موجود ہیں۔ اُس کے سچے لوگ (چاہے اُن کا عقیدہ کچھ بھی ہو) ہمیشہ عاجزی کے ساتھ خُداوند کی اصلاح کو قبول کریں گے اور اُس کے خلاف اپنے کان اور دل بند نہیں کریں گے۔ ہمیں شکر گزار ہونا چاہیے کہ خُدا کا کلام ہر موضوع پر غیر جانبدارانہ ایمانداری کے ساتھ بات کرتا ہے۔



و۔ یہ لوہے کی چوتھی سلطنت سے نکلے گا—یعنی بُت پرست رومی سلطنت سے۔ ہم اس نکتے پر دو احکام کا حوالہ دیتے ہیں:

1۔ "طاقتور کیتھولک چرچ رومی بپتسمہ یافتہ سلطنت سے تھوڑا زیادہ طاقتور تھا۔۔۔ پرانی رومن سلطنت کا دارالحکومت مسیحی سلطنت کا دارالحکومت بن گیا۔ پوپ کے دفتر میں پونٹفیکس میکسمس (Pontifex Maximus) کا دفتر جاری رکھا گیا۔"[2]

2۔ "جو بھی رومن عناصر وحشیوں اور آرینوں نے چھوڑے تھے۔۔۔ روم کے بشپ کے تحفظ میں [آئے]، جو شہنشاہ کے غائب ہونے کے بعد وہاں کا اہم شخص تھا۔۔۔ رومن چرچ۔۔۔ نے خود کو رومن ورلڈ-ایمپائر کی جگہ پر دھکیل دیا، جس کا یہ اصل تسلسل ہے۔"[3]

ز۔ خُدا کے لوگ (مقدّسین) "ایک دَور اور دَوروں اور نیم دَور تک اُس کے حوالہ کئےٴ جائیں گے۔ متعدد چیزوں کو یہاں واضح۔ کرنے کی ضرورت ہے:

**نبُوّتی وقت:**

| | | |
|---|---|---|
| 1 سال | = | TIME |
| 2 سال | = | TIMES |
| ½ سال | = | ½ TIME |

1۔ ایک دَور ایک سال ہوتا ہے، دَوروں دو سال ہوتے ہیں، اور نیم دَور ایک سال کا نصف ہوتا ہے۔ ایمپلائیفڈ بائبل مقدّس اس کا ترجمہ کرتی ہے: "ساڑھے تین سال۔"[4]

2۔ دانی ایل اور مکاشفہ کی کتابوں میں اِسی وقت کی مدت کا سات بار ذکر کیا گیا ہے۔ (دانی ایل 25:7 اور 7:12؛ مکاشفہ 11:2، 3؛ 12:6، 14؛ 13:5):

تین بار "دَور، دَوروں، اور نیم دَور" دو بار 42 مہینے اور دو بار 1،260 دن۔ یہودیوں کے ذریعہ استعمال کردہ 30 دن کے کیلنڈر کی بنیاد پر، یہ وقتی مدتمام یکساں ہیں: (3½) سال = 42 ماہ = 1،260 دن۔

3۔ پیشینگوئی کا دن ایک لفظی سال کے برابر ہوتا ہے (حزقی ایل 6:4؛ گنتی 34:14)۔

4۔ اس طرح، چھوٹا سا سینگ (مخالف مسیح) کو مقدّسوں پر 1،260 نبُوّت کے دن اقتدار حاصل کرنا تھا۔ یعنی 1،260 لفظی سال۔

5۔ پاپائیت کی حکمرانی 538 عیسوی میں شروع ہوئی، جب تین مخالف آریائی سلطنتوں میں سے آخری کو اکھاڑ پھینکا گیا۔ اس کی حکمرانی سن 1798 تک جاری رہی جب نپولین کے جنرل، برتھیئر نے پوپ پیوس ششم اور پوپ کی سیاسی طاقت دونوں کو تباہ کرنے کی اُمید کے ساتھ پوپ کو اسیر بنالیا۔ وقت کی یہ مدت 1،260 سالہ پیشینگوئی کی قطعی تکمیل ہے۔ یہ دھچکا پاپائیت کے لئے ایک زخمِ کاری تھا، لیکن وہ زخم مندمل ہونا شروع ہوا اور آج بھی بھر رہا ہے۔

6۔ متی 21:24 میں ظلم وستم کے اِسی دَور کا ذکر خُدا کے لوگوں کے ظلم وستم کے بدترین دَور کے طور پر کیا گیا ہے۔ آیت 22 ہمیں بتاتی ہے کہ یہ اتنا تباہ کن تھا کہ اگر خُدا اُس وقت کو نہ گھٹایا ہوتا، تو کوئی بھی جان نہ بچ پاتی۔ لیکن خُدا نے اُسے مختصر کر دیا۔ یہ ظلم 1798 میں پوپ کے اسیر ہونے سے بہت پہلے ختم ہو گیا۔ یہ دیکھنا سادہ ہے کہ اسی طرح یہ نقطہ بھی پاپائیت پر پورا اُترتا ہے۔



ح۔ یہ "[خُدا] کے خلاف" کفر کے "تکلیف دہ الفاظ" بولے گا۔ کلام پاک میں خُدا کے خلاف کفر کی دو تعریفیں ہیں:

1۔ گناہ معاف کرنے کا دعویٰ کو (لوقا 21:5)۔

2۔ خُدا ہونے کا دعویٰ (یوحنا 33:10)۔

کیا یہ نقطہ پاپائیت پر پورا اُترتا ہے؟ جی ہاں، آیئے پہلے اُس کے گناہوں کو معاف کرنے کے دعوے کے ثبوت کو دیکھیں، جو براہ راست اُس کے اپنے مذہبی وادبی مواد سے لیا گیا ہے: "کیا ایک کاہن واقعی گناہوں کو معاف کرتا ہے، یا وہ صرف یہ اعلان کرتا ہے کہ وہ معاف کردیے گئے ہیں۔ کاہن واقعی اور صحیح معنوں میں گناہوں کو معاف کرتا ہے جو اُسے مسیح کی طرف سے دیے گئے اختیار کی طاقت کی وجہ سے ہے۔"[5] پوپ کا دفتر ایک زمینی کاہن کے سامنے گناہوں کے اعتراف کا نظام قائم کرکے، یسُوع مسیح ہمارے سردار کاہن (عبرانیوں 2،1:8؛1:3) اور واحد شفاعتی (1۔ تیمتھیس 5:2) کو نظرانداز کرتے ہوئے کو مزید کمزور کرتا ہے۔ اِس کے بعد، اُس کے خُدا ہونے کا دعوی کرنے والے ثبوتوں پر غور کریں: "ہم [پوپ] اس زمین پر قادر مطلق خُدا کا مقام رکھتے ہیں۔"[6] مزید شواہد یہ ہیں: "پوپ نہ صرف یسُوع مسیح کا نمائندہ ہے، بلکہ وہ ہے یسُوع مسیح، خود، جسم کے پردے کے نیچے چھپا ہوا۔"[7]

ط۔ "وہ مقرّرہ اَوقات وشرِیعت کو بدلنے کی کوشش کرے گا" مستقبل کی مطالعاتی گائیڈ میں، ہم اِس نقطہ کے "اوقات" کے بارے بات کریں گے۔ یہ ایک اہم موضوع ہے اور اِس پر الگ سے غور کرنے کی ضرورت ہے۔ لیکن "شریعت" کو تبدیل کرنے کے بارے میں کیا خیال ہے؟ ایمپلی فائیڈ بائبل "شریعت" کو بطور "قانون" ترجمہ کرتی ہے۔ اِس کا حوالہ خُدا کی شریعت کو تبدیل کرنے کے لئے ہے۔ یقیناً، کوئی بھی اِسے قطعاً تبدیل نہیں کرسکتا، لیکن کیا پاپائیت نے اَیسا کرنے کی کوشش کی ہے؟ جواب ہاں میں ہے۔ اُس کے کیٹیکزم میں، پاپائیت نے مورتوں کی تعظیم کے خلاف دوسرے حکم کو چھوڑ دیا ہے اور چوتھے حکم کو 94 الفاظ کو کم کرکے مختصر یعنی آٹھ کردیا ہے اور دسویں حکم کو دو احکام میں تقسیم کیا ہے۔ (خود ہی یہ چیک کریں۔ کسی بھی کیتھولک کیٹیچزم میں دس۔ احکام کا موازنہ خروج 17-2:20 میں مندرج خُدا کے احکامات کی فہرست کے ساتھ کریں۔

اِس میں کوئی شک نہیں ہے کہ دانی ایل 7 باب کا چھوٹا سینگ (مخالف مسیح) پاپائیت ہے۔ کوئی دوسری تنظیم تمام نو نکات پر پورا نہیں اترتی۔ اور اتفاق سے، یہ کوئی نئی تعلیم نہیں ہے۔ ہر اصلاح پسند پروٹسٹنٹ نے، بغیر کسی استثناء کے، پاپائیت کو مخالفِ مسیح کے نام سے پکارا ہے۔[8]

1 W. E. H. Lecky, *History of the Rise and Influence of the Spirit of Rationalism in Europe,* Volume 2, 40.
2 Alexander Clarence Flick, *The Rise of the Mediaeval Church,* 148, 149.
3 Adolf Harnack, *What Is Christianity?* (New York: Putnam, second edition, revised, 1901), 269, 270.
4 Amplified Bible, La Habra, CA: The Lockman Foundation, 2015.
5 Joseph Deharbe, S.J., *A Complete Catechism of the Catholic Religion* (New York: Schwartz, Kirwin & Fauss, 1912), 279.
6 Pope Leo XIII, Encyclical Letter "The Reunion of Christendom" (dated June 20, 1894) trans. *in The Great Encyclical Letters of Pope Leo XIII* (New York: Benziger, 1903), 304.
7 *Catholic National*, July 1895.
8 R. Allan Anderson, *Unfolding the Revelation,* 137.



بائبل مقدّس کہتی ہے کہ مخالفِ مسیح خُدا کی شریعت کو تبدیل کرنے کی کوشش کرے گا۔

## 9 کیا دانی ایل کو اپنی کتاب پر مہر لگا کر بند کرنے کا نہیں کہا گیا تھا"، لیکن تُو اَے دانی ایل اِن باتوں کو بند کر رکھ اور کتاب پر آخری زمانہ تک مہر لگا دے" (دانی ایل 4:12)؟ دانی ایل کی پیشینگوئیاں ہمارے سمجھنے کے لیے کب کھلیں گی؟



**جواب:** دانی ایل 4:12 میں، نبی کو یہ حکم دیا گیا، "اور کتاب پر "آخری زمانہ تک مہر لگا دے"، "آخر وقت" کتاب پر مہر ثبت کرنے کے لئے کہا گیا تھا۔ آیت نمبر 6 میں ایک کروبی آواز نے دوسرے سے پوچھا، "کہ اِن عجائب کے انجام تک کِتنی مُدّت ہے؟ آیت نمبر 7 میں کہا گیا ہے ، "اور کہا کہ ایک دَور اور دَوروں اور نیم دَور۔" "فرشتے نے دانی ایل کو یقین دلایا کہ کتاب کا وہ حصّہ جو کہ آخری وقت کی پیشینگوئیوں سے متعلق ہے، پوپ کے تسلط کے 1،260 سالہ دَور کے خاتمے کے بعد کھولا جائے گا۔ جیسا کہ ہم نے اِس مطالعاتی گائیڈ، 1798 میں پہلے سیکھا تھا۔ تو یہ وقت سن 1798 میں شروع ہوا یہ آخری وقت تھا۔ جیسا کہ ہم نے دیکھا، دانی یل کی کتاب آج ہمارے لیے آسمان سے اہم پیغامات پر مشتمل ہے۔ ہمیں اِسے سمجھنا چاہیے۔

## 10 آجکل بہت سے مسیحیوں کو مخالفِ مسیح کے بارے میں غلط معلومات دی گئی ہیں۔ مخالفِ مسیح کے بارے میں جھوٹ پر یقین کرنا کسی شخص کو دھوکہ دینے کا باعث ہو سکتا ہے۔ جب بائبل مقدّس کی نئی تعلیمات کا سامنا ہو تو ایک شخص کو کیا کرنا چاہئے؟

**جواب:** جب بائبل مقدّس کی نئی تعلیم کا سامنا ہوتا ہے، تو واحد محفوظ طریقہ یہ ہے کہ اِس کا صحیفوں کے ساتھ احتیاط سے موازنہ کیا جائے تاکہ یہ دیکھا جاسکے کہ آیا یہ خُدا کے کلام کے مطابق ہے۔





## 11

## کیا آپ یسُوع کی پیروی کرنے کو تیار ہیں جہاں وہ راہنمائی کرتا ہے، اگرچہ یہ تکلیف دہ ہو سکتا ہے؟

**آپ کا جواب:** ☐

### اختتامی تبصرے

بائبل مقدّس کی کتابوں اور مکاشفہ سے بہت سی اہم پیشین گوئیاں آنے والی حیرت انگیز حقائق کی مطالعاتی گائیڈز میں پیش کی جائیں گی۔ خُدا نے یہ پیشینگوئیاں اِس لیے دی ہیں تاکہ:

**الف۔** زمین کے اختتامی واقعات کی شناخت کرنا۔

**ب۔** یسُوع اور شیطان کے مابین جنگ کے آخری مرحلے میں شراکت کاروں کی شناخت کرنا۔

**ج۔** شیطان کے ہم سب کو پھنسانے اور تباہ کرنے کے مذموم منصوبوں کو واضح طور پر ظاہر کرنا۔

**د۔** خُدا کے عدل وانصاف اور محبّت کو ظاہر کرنا؛ خُدا کے مقدّسوں کا راست باز ٹھہرایا جانا!

**ھ۔** اُس کی نجات، محبّت، قدرت، رحم، اور عدل واِنصاف کے لیے یسُوع کو جلال دینا۔

### بڑے شرکاء بار بار حاضر ہوں گے

بڑے شرکاء بار بار حاضر ہوں گے یسُوع اور شیطان کے مابین اختتامی جنگ میں اہم شریک اِن پیشینگوئیوں میں بار بار ظاہر ہوں گے۔ اِن میں شامل ہیں: یسُوع، شیطان، ریاستہائے متحدہ امریکہ، پاپائیت، پروٹسٹنٹ ازم، اور رُوحانیت پسندی۔ یسُوع مسیح اپنے نبیوں کے ذریعے اپنے پیغامات کو دہرانے اور پھیلاتے ہیں تاکہ اُس کی محبّت بھری محافظت کا انتباہ واضح اور مستحکم ہو۔

# آپ کے سوالات کے جوابات

## 1۔ میں نے ہمیشہ سوچا کہ مخالفِ مسیح ایک آدمی ہے، تنظیم نہیں ہے۔ کیا میں غلط ہوں؟

**جواب:** اِس مطالعاتی گائیڈ میں یہ ثبوت پیش کیا گیا ہے کہ مخالفِ مسیح ایک تنظیم — پاپائیت ہے۔ دانی ایل 8:7 میں "اِنسان کی سی آنکھیں" کے الفاظ، تاہم، ایک رہنما کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ مکاشفہ 18:13 ایک ایسے آدمی کے بارے میں بات کرتا ہے جس کی شمولیت ایک عدد سے ہے۔ دانی ایل 8 باب میں، یونان کی نمائندگی بکرے اور اُس کے رہنما سکندرِ اعظم کے ذریعہ کی گئی ہے جس کو سینگ کی علامت سے ظاہر کیا گیا ہے۔ مخالف مسیح کا بھی یہی حال ہے۔ وہ تنظیم پاپائیت ہے۔ اُس کے صدر دفتر میں پوپ اُس کا نمائندہ ہوتا ہے۔ دانی ایل 7 باب کی پیشینگوئی یہ نہیں کہہ رہی ہے کہ پوپ بُرے ہیں اور کیتھولک مسیحی نہیں ہیں۔ بہت سے پر جوش، محبّت کرنے والے کیتھولک مسیحی ہیں۔ تاہم، اِس نظام کو مخالف مسیح کہا جاتا ہے کیونکہ اُس نے یسُوع کے اختیار کو غصب کرنے کی کوشش کی ہے اور اُس کی شریعت کو تبدیل کرنے کی کوشش کی ہے۔

## 2۔ کیا آپ سوچتے ہیں کہ مسیحیوں کے لئے واجب ہے کہ مسیحیت کو نافذ کرنے کے قوانین کو منظور کرے؟

**جواب:** نہیں۔ بائبل واضح ہے کہ سب کو آزادی ہونی چاہیے کہ وہ اپنے ضمیر کے معاملے میں جس سمت جانا چاہتے ہیں اُس کا انتخاب کریں۔ (یشوع 15:24)۔ اگرچہ وہ خُدا کا انکار کرنے کا انتخاب کرتے ہیں۔ خالق نے آدم اور حوا کو نافرمانی کرنے کا انتخاب کرنے کی اجازت دی حالانکہ اُس سے اُن دونوں کو اور خُدا کو تکلیف پہنچی۔ زبردستی کی عبادت خدا کو قبول نہیں ہے۔ جبری عبادت شیطان کا طریقہ ہے۔ خُدا کا طریقہ محبت بھری قائلیت ہے۔ تاریخ سے پتہ چلتا ہے کہ عملی طور پر ہر بار جب چرچ نے اپنے عقائد کو نافذ کرنے کے لئے قوانین منظور کیے تو، دوسروں پر ظلم و ستم اور قتل و غارت ڈھائے گئے۔ یہ ایک سبق ہے جو ہم قرون وسطی کے دوران چھوٹے سینگ کی تاریخ سے سیکھ سکتے ہیں۔

## 3۔ شاید مجھے غلط فہمی ہوئی ہے، لیکن میرا تصور ہمیشہ سے رہا ہے کہ مخالفِ مسیح ایک فتنہ ہے جس نے خُدا کی کھلے عام مخالفت کی ہے۔ کیا یہ تصور غلط ہے؟

**جواب:** ہم عام طور پر "مخالف" کے معنی کو "خلاف" سمجھتے ہیں۔ اُس کے معنی "کی جگہ پر" یا "کے بجائے" بھی ہو سکتا ہے۔ مخالفِ مسیح خُدا کے اختیارات خاص کو غصب کرنے کا قصور وار ہے۔ یہ دعویٰ کرتا ہے۔

**الف۔** اُس کے کاہن گناہوں کو معاف کر سکتے ہیں۔ جو صرف خُدا ہی کر سکتا ہے (لوقا 21:5)۔

**ب۔** دوسرے حکم (مورتوں کی پرستش کے خلاف) کو چھوڑ کر اور دسویں کو دو حصّوں میں تقسیم کر کے خُدا کے احکام کو تبدیل کرنا۔ خُدا کے قانون کو تبدیل نہیں کیا جا سکتا (متی 18:5)۔

**ج۔** کہ پوپ زمین پر خُدا ہے۔



## شیطان کا اصل منصوبہ

شیطان کا اصل منصوبہ خُدا کا مقام اور اختیار چھیننا تھا۔ اُس کا مقصد خُدا کو بے دخل کرنا اور اُس کی جگہ پر حکمرانی کرنا تھا۔ (مطالعاتی گائیڈ نمبر 2 ملاحظہ کریں۔) جب شیطان کو آسمان سے نکالا گیا تو اِس کا مقصد تبدیلی نہیں ہوا بلکہ اُس میں شدت پیدا ہو گئی۔ صدیوں سے اُس نے مختلف اِنسانی ایجنسیوں کو استعمال کرتے ہوئے، خُدا کو بدنام کرنے اور اُس کے عہدے پر قبضہ کرنے کی کوشش کی ہے۔

## مخالفِ مسیح خود کو رُوحانی

ظاہر کرتا ہے شیطان کا مقصد ان آخری ایام میں لوگوں کو مخالفِ مسیح کی پیروی کرنے کے لیے دھوکہ دے کر، جو کہ رُوحانی اور مقدّس دکھائی دیتا ہے، خُدا کی جگہ لینا چاہتا ہے دانی ایل اور مکاشفہ کی پیشینگوئیوں کا بنیادی مقصد شیطان کی چالوں اور حکمت عملیوں کو بے نقاب کرنا ہے۔ اور لوگوں کو یسُوع اور اُس کے کلام میں حفاظت کے لیے لنگر انداز کرنے کی طرف لے جانا ہے۔

## مخالفِ مسیح بہت سے لوگوں کو

دے گا بہت سے لوگ مخالفِ مسیح کی پیروی کریں گے (مکاشفہ 3:13) یہ سوچ کر کہ وہ مسیح کی پیروی کر رہے ہیں۔ صرف منتخب برگزیدہ افراد ہی محفوظ رہیں گے (متی 24:23،24) وہ محفوظ رہیں گے کیونکہ وہ کلام پاک کے ذریعہ ہر ایک رُوحانی تعلیم اور عقائد کی آزمائش کرتے ہیں (یسعیاہ 8:20)۔ مذہبی فریب ہر جگہ موجود ہے۔ ہم زیادہ محتاط نہیں رہ سکتے۔

## 4۔ کیا بائبل مقدّس (1۔ یوحنا 2:18-22) میں یہ نہیں کہتی ہے کہ بہت سارے مخالفِ مسیح پیدا ہو گئے ہیں؟

**جواب:** ہاں۔ تاریخ میں بہت سے مخالفِ مسیح ہیں جنہوں نے خُدا کی بادشاہی کے خلاف کام کیا ہے۔ تاہم، صرف ایک ہی ہستی موجود ہے جو مخالفِ مسیح کی تمام نبُوّت کردہ خصوصیات کو خاص طور پر پورا کرتی ہے۔ دانی ایل ابواب 7 اور 8 اور مکاشفہ کے 13 باب میں، آپ کو مخالفِ مسیح کی کم از کم 10 شناختی خصوصیات ملیں گی۔ شناخت کرنے کے یہ 10 نشانات صرف ایک ہی شخصیت یعنی پاپائیت پر پورے اُترتے ہیں۔

## 5۔ پیشینگوئی میں، کیا "حَیوان" کی علامت کا مطلب "درندہ صفت" خصوصیات ہے؟

**جواب:** بالکل نہیں۔ خُدا کسی حاکم، قوم، حکومت، یا بادشاہی کو ظاہر کرنے کے لیے حَیوان کی علامت کا استعمال کرتا ہے۔ یہ نبُوّت میں حکومتوں کے منظرنامے کا اُس کا طریقہ ہے۔ ہم خود بھی کسی حد تک یہ کام کرتے ہیں: ہم نے روس کو بطور ریچھ، ریاستہائے متحدہ امریکہ کو ایک عقاب وغیرہ کے طور پر پیش کیا ہے، ایک "حَیوان" کی علامت توہین آمیز یا بے عزتی ظاہر کرنے کی اصطلاح نہیں ہے۔ یہ "جانور" یا "مخلوق" کا مترادف ہے۔ یہاں تک کہ یوحنا اصطباغی کی جانب سے مسیح کو بطور برّہ کے پیش کیا گیا۔ (یوحنا 29:1) اور یوحنا رسُول بھی (مکاشفہ 5:6،9،12،13) میں خُدا کا برّہ کے طور پر پیش کرتا ہے۔ خُدا "حَیوان" کی اصطلاح کے ذریعے ہمیں قوموں اور رہنماؤں کے بارے میں ایک پیغام دینے کے لئے استعمال کرتا ہے۔ اچھی اور بری۔

**یہاں اپنی رائے یا سوالات لکھیں۔**

## یہ مطالعاتی گائیڈ نمبر 27 کی سیریز میں سے صرف ایک ہے!

ہر مطالعاتی گائیڈ حیرت انگیز حقائق سے بھرپور ہے جو آپ اور آپ کے خاندان کو متاثر کریں گی۔ کسی ایک کو مت چھوڑیں!



مخالفِ مسیح کون ہے؟



عرش سے فرشتوں کے پیغامات



منصوبہ نجات کا آسمانی ڈھانچہ


صحیح وقت پر! نبُوّتی فرمان کا ظہور



آخری عدالت



حیوان کی چھاپ


بائبل کی پیشینگوئی میں امریکہ کا کردار



"دُوسری" عَورت



مسیح کی دُلہن


کیا خُدا نجومیوں اور نفسیات کی حوصلہ افزائی کرتا ہے؟


کیا ہم خدا پر یقین رکھتے ہیں؟



ایک محبّت جو بدل دیتی ہے



پیچھے نہیں مڑنا

کیا آپ نے ہماری پہلی 14 مطالعاتی گائیڈز دیکھی ہیں؟ اگر نہیں، تو ضرور لکھیں:

**Amazing Facts India, Post Box No 51, Banjara Hills, Hyderabad - 500034**

# 15 خلاصہ شیٹ

برائے مہربانی اس سمری شیٹ کو پُر کرنے سے پہلے اس سبق کو پڑھیں۔ تمام جوابات اسٹڈی گائیڈ میں مل سکتے ہیں۔
دُرست جواب کے ذریعے چیک Tick لگائیں۔ قوسین میں نمبر (1) صحیح جوابات کی تعداد کو ظاہر کرتے ہیں۔
فارم کو پُر کرنے کے لیے برائے مہربانی "Adobe Reader" استعمال کریں۔

---

1۔ دانی ایل باب 7 میں حیوانوں کی علامت کے ذریعہ دُنیا کی کون سی چار سلطنتوں کی جانب نمائندگی کی گئی ہے؟ (4)

- ☐ سویڈن
- ☐ مصر
- ☐ یونان
- ☐ چین
- ☐ مادی فارس
- ☐ جاپان
- ☐ بابلن
- ☐ عراق
- ☐ روم

2۔ مندرجہ ذیل چار جملوں میں، ذیل کی فہرست میں دیے گئے الفاظ کے آگے حروف میں سے ایک کا استعمال کرتے ہوئے ہر ایک پیشن گوئی کی علامت کے لغوی معنی کو پُر کریں (نیچے مثال دیکھیں):

A تباہی　B سال　C قومیں　D لوگ　E رفتار

**بطور مثال:** جانور ریاست کی نمائندگی کرتے ہیں یا ___C___

- پانی　A. کی کثیر تعداد کی نمائندگی کرتا ہے۔
- پنکھ / پر　A. کی نمائندگی کرتے ہیں۔
- ہوائیں تنازعات، ہنگامہ آرائی اور　A. کی نمائندگی کرتی ہیں
- ایک نبُوّتی دن ایک لفظی　A. کے برابر ہے۔

3۔ ہولناک حیوان کے سَر پر 10 سینگ نمائندگی کرتے ہیں (1)

- ☐ دس سال۔
- ☐ دس خصوصی شہر۔
- ☐ فرشتے۔
- ☐ مال دَولت۔
- ☐ وہ ریاستیں جن میں بُت پرست روم آخر کار تقسیم ہو گیا۔

4۔ چھوٹے سینگ کی طاقت سے کتنے قبائل یا اقوام جڑ سے اُکھڑ گئیں؟ (1)

- ☐ آٹھ
- ☐ ایک
- ☐ چھ
- ☐ تین

5۔ چھوٹے سینگ کی طاقت، یا مخالفِ مسیح، نمائندگی کرتا ہے (2)

- ☐ بابل کے جرنیلوں میں سے ایک کی۔
- ☐ قدیم بُت پرست روم کے دَور کے ایک شریر حکمران کی۔
- ☐ ایک شیطانی طاقت جو یسُوع کی آمد ثانی کے بعد پیدا ہو گی۔
- ☐ الحاد / کفر۔
- ☐ پاپائیت۔

6۔ نیچے دی گئی فہرست میں سے چھوٹے سینگ (مخالفِ مسیح) کے بارے میں حقیقی بیانات کی جانچ پڑتال کریں (3)

- ☐ وہ مصر سے آئے گا۔
- ☐ وہ خُدا کے لوگوں پر ظلم کرے گا۔
- ☐ وہ بابل کے زوال کے فوراً بعد ظاہر ہو گا۔
- ☐ وہ حق تعالیٰ کے خلاف باتیں کرے گا۔
- ☐ وہ خُدا کی شریعت کو تبدیل کرنے کی کوشش کرے گا۔

7۔ بنُوّت میں، وقت، دَور، دَوروں اور نیم دَور کی "علامت ہے (1)

- ☐ تین اور ایک نصف لغوی دن۔
- ☐ 42 سال
- ☐ 1,260 سال۔

اگلے صفحے پر جاری ہے۔ ◀◀

8۔ "آخری وقت" کا آغاز کب شروع ہوا؟ (1)

- ☐ 31 عیسوی
- ☐ 1991 عیسوی
- ☐ 588 عیسوی
- ☐ 1798 عیسوی

9۔ مخالف مسیح ایک شخص کی بجائے ایک تنظیم ہے۔ (1)

☐ جی ہاں۔ ☐ نہیں۔

10۔ آج مخالفِ مسیح موجود ہے۔ (1)

☐ جی ہاں۔ ☐ نہیں۔

11۔ خدا جبری قانون کے ذریعہ حقیقی عبادت کے نفاذ کی منظوری دیتا ہے۔ (1)

☐ جی ہاں۔ ☐ نہیں۔

12۔ جنرل برتھیئر کے صرف پوپ کو قید میں ڈالنے سے پاپائیت کو زخمِ کاری لگا۔ اُس کا زخم کاری اچھا ہونا شروع ہوا اور آج بھی بھر رہا ہے۔ (1)

☐ جی ہاں۔ ☐ نہیں۔

13۔ نیچے دی گئی فہرست میں سے کون سی چیز ان آخری ایام میں خدا کے لوگوں کی رُوحانی حفاظت کے لیے ضروری ہے؟ (1)

- ☐ تبلیغ کرنا سیکھیں۔
- ☐ عوام میں بہت دُعا کریں۔
- ☐ بائبل مقدّس کے ذریعہ ہر دینی تعلیم کی جانچ کریں۔

14۔ کیا آپ یسُوع مسیح کے بتائے ہوئے راستے پر چلنے کو راضی ہیں، گو کہ وہ تکلیف دہ ہی کیوں نہ ہو؟ (1)

☐ جی ہاں۔ ☐ نہیں۔

اُوپر دیے گئے تمام سوالات کے جوابات دینا یقینی بنائیں!

AMAZING FACTS

اندراج کے لیے اپنا نام، ای میل اور فون نمبر درج کریں۔
اپنی اگلی مفت مطالعاتی گائیڈ حاصل کرنے کے لیے "جمع کروائیں" پر کلک کریں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| آپ کا نام: | | | | | |
| آپ کا ای میل: | | | | | |
| فون نمبر: | | | | | |
| آپ کا پتہ: | | | | | |
| شہر، ضلع: | | ریاست: | | ملک: | |
| پن: | | عمر گروپ: | | جنس: | |

ں ی ئ او ر ک ع م ج

اپنے رابطے کی معلومات کو اپ ڈیٹ کریں۔


www.AmazingFacts.org • www.AmazingFactsIndia.org • UrduBibleSchool@AFTV.in
© 2025 Amazing Facts International • All Rights Reserved • +91 9169164480